## دعائے روز بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ پنجشنبہ(جمعرات)

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلْـحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى أَذْهَبَ اللَّيْلَ مُظْلِماً بِقُدْرَتِهِ، وَجَاءَ بِالنَّهَارِ مُبْصِراً بِرَحْمَتِهِ وَكَسَانِى ضِيائَهُ

حمد اس خدا کے لیے ہے جس نے اپنی قدرت سے تاریک رات کو ختم کیا اور روشن دن کو اپنی رحمت سے وجود بخشا اور مجھ پر

وَأَ نَـا فِـى نِـعْـمَتِهِ. اَللّٰهُمَّ فَكَمَا أَبْقَيْتَنِى لَهُ فَأَبْقِنِى لاَمْثالِهِ، وَصَلِّ عَـلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ، وَلاَ

بھی روشنی بکھیری اور میں اسکی نعمت سے مستفید ہوتا ہوں۔اے معبود! جس طرح تو نے مجھے آج کے دن زندہ رکھا اسی طرح آئندہ

تَـفْـجَعْنِى فِيهِ وَفِى غَيْرِهِ مِنَ اللَّيَالِى وَالْاَيَّامِ، بِارْتِكَابِ الْمحَارِمِ وَاكْتِسَابِ الْمَآثِمِ وَارْزُقْنِى

بھی زندہ رکھ اور اپنے نبی محمدؐ اور انکی آلؑ پر رحمت فرما اور مجھے آج اور دیگر راتوں اور دنوں میں حرام کام کرنے اور گناہ کمانے سے داغدار نہ بنا، آج کے

خَيْـرَهُ وَخَيْـرَ مَـا فِيهِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ، وَاصْرِف عَنِّى شَرَّهُ، وَشَرَّ مَا فِيهِ، وَشَرَّ مَا بَعْدَهُ . اَللّٰهُمَّ إِنِّى

دن میں جو بھلائی ہے اور بعد میں آنے والے انہی دنوں میں جو بھلائی ہے، عطا فرما۔اور مجھے اس دن کے شر جو کچھ اسمیں ہے اسکے شر اور اسکے بعد بھی شر

بِـذِمَّةِ الْإِسْـلامِ أَتَـوَسَّلُ إِلَيْكَ،وَبِحُرْمَةِ الْقُرْآنِ أَعْتَمِدُ عَلَيْكَ، وَبِمُحَمَّدٍ الْمُصْطَفى صَلَّى

سے بچا۔اے معبود! میں اسلام کے ذریعے سے تیری طرف وسیلہ پکڑتا ہوں اور قرآن کے احترام کیساتھ تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں۔اور محمد مصطفیٰ ﷺ کو

اللهُ عَـلَيْـهِ وَآلِـهِ أَسْتَشْفِعُ لَدَيْكَ، فَاعْرِفِ اَللّٰهُمَّ ذِمَّتِىَ الَّتِى رَجَوْتُ بِهَا قَضَاءَ حَاجَتِى، يَا أَرْحَمَ

تیرے حضور اپنا شفیع بناتا ہوں پس اے معبود! جس ضمانت کے ساتھ میں اپنی حاجت براری کا امیدوار ہوں اس پر توجہ فرما اے

الـرَّاحِـمِـينَ. اَلـلّٰهُـمَّ اقْـضِ لِـى فِى الْخَمِيسِ خَمْساً لاَ يَتَّسِعُ لَها إِلاَّ كَرَمُكَ وَلاَ يُـطِيقُها إِلاَّ

سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔ اے معبود! اس جمعرات میں میری پانچ حاجات پوری فرما کہ سوائے تیرے کرم کے کوئی اس کی

نِـعَـمُكَ، سَلامَةً أَقْـوى بِهَـا عَلَى طَاعَتِكَ، وَعِبادَةً أَسْتَحِقُّ بِها جَزِيلَ مَثُوبَتِكَ،وَسَعَةً فِى

گنجائش نہیں رکھتا اور سوائے تیری نعمتوں کے کوئی اسکی طاقت نہیں رکھتا ایسی صحت وسلامتی عطا فرما جسکے ذریعے تیری اطاعت پر قوت

الْـحَـالِ مِـنَ الـرِّزْقِ الْحَلالِ، وَأَن تُؤْمِنَنِى فِى مَوَاقِفِ الْخَوْفِ بِأَمْنِكَ،وَتَجْعَلَنِى مِنْ طَوَارِقِ

حاصل ہو ایسی عبادت کی توفیق دے جس سے میں تیرے عظیم ثواب کا حق دار بن جاؤں۔ رزق حلال سے میری حالت میں کشادگی فرما۔خوف وخطرے

الْهُـمُـومِ وَالْـغُـمُـومِ فِـى حِصْنِكَ وَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْ تَوَسُّلِى بِهِ شَافِعاً،

کے مواقع پر اپنے امان کے ذریعے محفوظ فرما غم وآلام کے ہجوم میں مجھے اپنی پناہ میں رکھ اور محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور ان میں سے میرے لیے توسل کو

يَوْمَ الْقِيامَةِ نَافِعاًإِنَّكَ أَ نتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ.

روز قیامت نفع دینے والا شفیع بنا کہ تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔